حصہ - ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 2 محمود غزنوی کو اس کے ایمان کا کیا صلہ ملا؟

سوال نمبر 3 قرآن کریم نے رسول کریم ﷺ کے متعلق کیا شہادت دی؟

سوال نمبر 4 مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت کیوں ہے؟

سوال نمبر 5 خان صاحب نے تلوار کیوں نکالی؟

سوال نمبر 6 سر سید احمد خان کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سوال نمبر 7 پیکنگ (بیجنگ) یونیورسٹی کے طلبہ اور طالبات نے انشاء صاحب کا استقبال کس طرح کیا؟

سوال نمبر 8 ہاسٹل کی زندگی کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟

سوال نمبر 9 قافیہ اور ردیف کے فرق کو واضح کیجیے اور مثال دے کر سمجھایئے۔

سوال نمبر 10 رسول کریم ﷺ نے عربوں کی زندگی میں کیا عظیم انقلاب پیدا کر دیا؟

سوال نمبر 11 ذیل کے الفاظ کی جمع بنایئے۔ ناصر۔ وہم۔ نجم۔ ناظر

سوال نمبر 12 ذیل کے سابقے اور لاحقے لگا کر الفاظ بنایئے۔ پُر۔ خوار۔ کم۔ سر

سوال نمبر 13 درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

مستعار دینا۔ نام و نمود۔ ہر کس و ناکس۔ سرمایۂ فخر ہونا

حصہ - ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 14 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔

دوست نے اپنے خط میں لکھا ہے۔ "سائنس کے آدمی"۔ یعقوب صاحب کیا سائنس کے آدمی بھی ہوتے ہیں؟ دنیا کی یہ ساری مصیبتیں اور تباہیاں انھی حضرات کی بدولت تو ہیں۔

سوال نمبر 15 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجیے۔

(الف) قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے — دہر میں اسم محمد ﷺ سے اجالا کر دے

(ب) ہم نے دیکھے ہیں وہ سناٹے بھی — جب ہر اک سانس صدا ہوتی ہے

سوال نمبر 16 مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

بنتِ بہادر شاہ۔ گزرا ہوا زمانہ

سوال نمبر 17 "اسلام کی برکتیں" اس عنوان پر ایک مضمون لکھیے۔

سوال نمبر 18 وہ کون سی اہم باتیں ہیں جن کے نہ ہونے کی وجہ سے سماجی خدمت کے ادارے پوری طرح کامیاب نہیں ہوتے؟